16/05/2026

12:30 /PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں۔۔ اشفا ق امین

وزیر اعظم دورہ

وزیر اعظم نریندر مودی پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت کل رات نے Tom Berendsen ہوائی اڈے پر نیدر لینڈ کے وزیر خارجہAmsterdam نیدر لینڈ پہنچ گئے۔ کے ساتھ دو طرفہ بات چیت Robb Jetten اُن کا استقبال کیا ۔ دورے کے دوران وہ نیدر لینڈ کے کرکے دونوں ملکوں کے ما بین رشتونکو مستحکم کرنے سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔

مودی

Ease of اور Ease of Doing Business وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے عوام کیلئے میں بہتری لانے کے عزم کو دُہرایا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے غیر ملکی Living ٹیکس یا سرچارج لگانے سے متعلق میڈیا کی خبروں کو مستر دکر دیا ہے-Cess سفر پر

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہاہے کہ بھارت نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک کو میموریل 2047RN Kaoتک منشیات سے پاک کرنے کا قومی ہدف مقرر کیا ہے۔ نئی دلی میں کل کو ختم کرکے Syndicates لیکچر دیتے ہوئے انہوننے کہاکہ ملک کی سلامتی ایجنسیوں نے ڈرگ یہ ہدف حاصل کرنے کیلئے ایک منظم نقشہ راہ تیار کیاہے ۔ انہوننے کہا کہ ڈرگ سمگلنگ محض ایک امن و قانون کا معاملہ نہیں ہے بلکہ سماج اور آنے والی نسلوں پر اس کے طویل مدتی منفی اثرات مرتب ہو تے ہیں۔

نشہ مہم

جمونو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں اپنے عروج پر ہیں اور منشیات کے نیٹ ورک کو ختم کرنے میں انتظامیہ ، پولیس اور دیگر ایجنسیاں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کر رہے ہیں۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا بذات خود مختلف اضلاع میں جاکر پد یاتراؤں اور منشیات مخالف بیداری پروگراموں کی قیادت کر تے ہیں۔ نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کی شروعات انہوننے پچھلے مہینے کی11تاریخ کو جموں سے کی تھی اور اس کے تحت اب تک منشیات کے خلاف کا فی پیش رفت حاصل کی جا چکی ہے۔ایل جی منوج سنہا کا پیغام۔

سکم

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سکم کے سٹیٹ ہڈ ڈ ے کے موقعے پر وہاں کے لوگوں کومبارکباد دی ہے ۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوننے ملک کے ترقیاتی منظرنامے میں سکم کے رول کو اجا گر کیا۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سکم کے سٹیٹ ہُڈ دن کے موقعے پر وہاں کے لوگوں کومبارکباد دی ہے ۔ ایک پیغام میں ایل جی نے کہا کہ سکم اپنی بے مثال خوبصورتی اور دیر پا ترقی اور حیاتیاتی کاشت کاری میں نمایاں پیشرفت حاصل کرنے کیلئے مشہور ہے ۔ ایل جی نے وہاں کے لوگوں کیلئے نیک خواہشات کا اظہا رکیا ۔

کونسل

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں منعقد ہوئی وزارتی کونسل کی میٹنگ میں زینہ کوٹ MVA گنجائش والے گرڈ سب سٹیشن کی صلاحیت بڑھا کر MVA 780 سرینگر میں قائم 450 کرنے کو منظوری دی گئی ۔ اس پروجیکٹ پر 67 کروڑ 66 لاکھ روپے کی لاگت آئے گی ۔

پانپور - راولپورہ اور راولپورہ - بمنہ ٹرانسمشن لائنوں کی تجدید کاری کو KV کونسل نے 132 بھی منظوری دی ہے ۔ اس پروجیکٹ پر 25 کروڑ 47 لاکھ روپے کی لاگت آئے گی ۔

داخلہ

جموں کشمیر کے ڈگری کالجوں میں چار سالہ انڈر گریجویٹ کورسز اور پانچ سالہ انٹیگریٹیڈ پروگراموں کیلئے داخلے کا عمل شروع ہو گیا ہے -PG

تفصیلات دیتے ہوئے جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیو زسرینگر کو بتایا۔

لابرو

سینسس2027کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو اور کمشنر سرینگر میونسل کارپوریشن فضل الحسیب نے کل بینکٹ ہال سرینگر میں ضلع کے سیکٹورل افسرونکی ایک میٹنگ کے دوران سینسس سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔ ان افسروں نے مردم شماری کے دوران شفافیت بر قرار رکھنے کی اہمیت کو اجا گر کیا۔اس کے علاوہ فیلڈ عملے پر زور دیا گیا کہ وہ باہمی تال میل کیساتھ کام کریں ۔

اعجاز اسد

دیہی ترقی اور پنچایتی راج محکمے کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے کل جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں سالڈ ویسٹ منیجمنٹ رولز 2026کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ انہوننے افسروں کو ہدایات دیں کہ وہ سالڈ ویسٹ منیجمنٹ سے متعلق سپریم کورٹ ہدایات کی معیاد بند مدت کے اندر عمل آور ی کو یقینی بنائیں۔ میٹنگ میںڈ ائریکٹر جنرل رورل سینٹیشن ملہوترا کے علاوہ کئی دیگر افسروں نے بھی شرکت کی ۔Anoo

بانڈی پورہ

بانڈی پورہ کی ضلع ترقیاتی کمشنر اندو کنول چب نے بھی ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں سالڈ ویسٹ منیجمنٹ قوانین کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں ضلع کے مختلف علاقوں میں کوڑا کرکٹ کو سائنسی طریقے پر ٹھکانے لگانے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

شاہین

جنتا دل یونائیٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے موجودہ سرکار پر الزام لگایا ہے کہ یہ سرکار لوگوں کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو پور اکرنے میں نا کام رہی ہے ۔ایک بیان میں انہوننے کہاکہ نیشنل کانفرنس کی سربراہی والی حکومت لوگوں کے مسائل حل کرنے اور ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے میں لیت و لیل سے کام لے رہی ہے ۔

کپواڑہ

مشن ڈائریکٹر ، مشن ڈیری ڈیولپمنٹ جموں کشمیر اور ضلع کپواڑہ میں وائبرنٹ ولیجز پروگرام سیکریٹری نریندر سنگھ بالی نے کل لولاب سب ڈویژن کا دورہ Mentor کی عمل آوری کے کرکے وہاں مختلف محکموں کی طرف سے عملائے جا رہے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔انہوننے درد پورہ گاؤنمیں پروگراموں کی بر وقت عمل آوری کو یقینی بنانے کی افسروں کو ہدایت دی ۔

مبارکباد

جموں کشمیر سپورٹس کونسل نے ازبکستان میں منعقدہ ایشین بُکسنگ چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ حاصل کرنے کیلئے راجوری سے تعلق رکھنے والے محمد یاسر نامی کھلاڑی کو مبارکباد دی ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

..